لاہور(   )   آئی جی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی ودیگر سنگین نوعیت کی بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران وملازمین کو نوکری سے برخاست کردیا۔ آئی جی میاں فاروق نذیر نے ملازمین کی طویل غیر حاضری پر سروس ضبط اور سالانہ ترقی بھی بند کردی۔

رانا شمشاد حسین اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، مسٹر خالد محمود ہیڈ وارڈر، مسٹر محمد الیاس ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد مذکورہ اہلکاران کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر شوکاز نوٹس جاری ہوئے دوران ذاتی شنوائی مذکورہ اہلکاران نے تسلی بخش جواب دیا۔ جس پر انہیں بری الذمہ قرار دیا ہے اسی کیس میں مسٹر جہانگیر سینئر کلرک کو شوکاز نوٹس دیا گیا دوران ذاتی شنوائی مذکورہ اہلکار کو قصوروار ٹھہرایا گیا جس کی بناء پر اسے تین سال کیلئے تنزلی کر کے جونیئر کلرک کر دیا گیا اور 10 یوم کی تنخواہ کاٹ لی گئی۔ اظہار الحق اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل مظفر گڑھ کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر شوکاز نوٹس جاری ہوا۔ دوران ذاتی شنوائی مذکورہ آفیسر نے تسلی بخش جواب نہ دیا۔ جس پر جناب آئی جی صاحب نے دو سال کی تنخواہ دو سال کیلئے کم کر دی گئی۔ مسٹر نجف علی شاہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، رضا علی شاہ ہیڈ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ مذکورہ آفیسر واہلکار ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر شوکاز نوٹس جاری ہوئے دوران ذاتی شنوائی مذکورہ آفیسر واہلکار تسلی بخش جواب نہ دے سکے۔ نجف علی شاہ A/S کو 05 سال کی سروس ضبط 05 سال کیلئے کی سزا اور رضا علی شاہ HW کو نوکری سے جبری ریٹائرڈ کر دیا گیا۔ محمد طارق اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مذکورہ آفیسر ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی کا مرتکب پایا گیا جس پر جناب آئی جی صاحب نے **سنسور** کی سزا دی۔ محمد فیاض ہیڈ کلرک اور محمد طفیل سٹور کیپر کی ایک ایک سال کی سالانہ ترقی بند کر دی گی۔ ظفر اقبال اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مذکورہ آفیسر کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر دو سال کی تنخواہ تنزلی دو سال کیلئے کر دی گئی۔ عاشق حسین اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو ایک سال کی سالانہ ترقی بند کر دی گئی ساجد حسین ہیڈ وارڈر کو جبری ریٹائرڈ اور بابر علی وارڈر کی ایک سال کی سالانہ ترقی بند کرنے کا حکم دیا۔ مسٹر فیضان الٰہی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مذکورہ آفیسر کو بوجہ غیر حاضری نوکری سے برخاست کر دیا گیا۔ مسٹر ولید شہزاد سابقہ وارڈر ریجنل آفس راولپنڈی، محمد راشد سابقہ وارڈر سنٹرل جیل لاہور، غلام فرید سابقہ وارڈر HSP ساہیوال، عدیل اکرم سابقہ وارڈر سب جیل چکوال مذکورہ وارڈران کی اپیلیں بوجہ غیر حاضری **"مسترد"** کر دی گئیں۔ مسٹر محمد شفیق سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل، گجرات، شاہد محمود وارڈر سنٹرل جیل لاہور مذکورہ اہلکاران کو ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی برتنے پر مذکورہ اہلکاران کی اپیلیں **"مسترد"** کر دی گئیں۔ مسٹر ریاض حسین سابقہ ہیڈ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل گجرات کی تین سال کی پروموشن روک دی گئی بحال کر کے ڈسٹرکٹ جیل اٹک تعینات کر دیا۔ مسٹر شاہد ندیم سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کے خلاف شفقت مسیح نے درخواست کہ مذکورہ ڈسپنسر نے میرے باپ کو جیل سے باہر ہسپتال میں داخل کرنے کیلئے مبلغ -/22000 روپے بطور رشوت لی۔ جس پر ڈی آئی جی فیصل آباد ریجن، فیصل آباد نے نوکری سے برخاست کر دیا اس کے بعد مذکورہ اہلکار نے آئی جی صاحب کو اپیل دائر کی۔ آئی جی صاحب مذکورہ ڈسپنسر کو برخاستگی سے 05 سال کی تنخواہ تنزلی 05 سال کیلئے کر دی اور سنٹرل جیل ڈیرہ غازی خان تعینات کر دیا۔

میاں فاروق نذیر، آئی جی جیل خانہ جات نے محکمہ کے تمام آفیسران واہلکاران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری محنت، لگن وجانفشانی کے ساتھ سرانجام دیں انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن اور بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران واہلکاران کو سنگین سزائیں دی جائیں گی۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور

تطہیری نمبری   مورخہ

کاپی برائے اطلاع۔

1۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن پنجاب لاہور
2۔ تمام اُردو/انگریزی قومی روزنامہ جات اور الیکٹرانک میڈیا۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور